کہ سلطان کشورستان کیسے کیسے

فریدون و جمشید و دارا سکندر
ملے خاک مین عز و شان کیسے کیسے

جو تھے قیس و لیلیٰ و فرہاد و شیرین
ہوئے عشق مین کامران کیسے کیسے

قطب غوث و پیر و پیمبر سبھی
ہوئے نامور بیگمان کیسے کیسے

عشق رکھ دل مین محمد مصطفےٰ کی شاہدا
سب سے اعلیٰ حشر مین دنیا سے دولت لیچلے

عصیان سے مری آنکھو نمین ہتی جو تری ہی
اس غم سے رہا کرتی مرے درد سری ہے

اے یارو مجھے فخر ہو محشر مین نہ کیونکر
احمد کی شفاعت سے گنہگار بری ہے

آتی ہے نظر شیشے مین جب آپکی صورت
مرشد مین فنا اسطرح صورت جو تری ہے

تو نور تو ہی نار تو ہی آب و ہوا خاک
اس اربع عناصر مین تری جلوہ گری ہے

جو دلمین گمان رکھتے ہین اونکی تو نکس ہی
اس شیشۂ دلمین تو مرے جائے پری ہے

پھر جائین سبھی مجھسے مگر تو نہ پھرے یار
غیرون کا مرے دلمین نہین خوف ذری ہے

شاہد تو مست رہتا پیتا نہین شراب
پر تیری محبت کی ان آنکھو نمین بھری ہے

مری صورت ہی مرشد کی تو شان مصطفائی ہی
خدا کی شان گر ہمنے اسی صورت مین پائی ہی

نقاب اپنی وہ چہرے سے اٹھاتا جھگڑتی رعنا
نظر آتی مجھے اُسدم عجب قدرت خدائی ہی

کرے پروانہ شوخی شمع سے کسطرح محفل مین
کہ ہمنے عشق مین تیرے بھی جان اپنی جلائی ہی

پڑھو تم زاہدو اکبار نماز عشق یان آکر
کہ ہمنے کوی جانان مین عبادت گہ بنائی ہی

اے شاہد ہمنے تو دیکھے ہزارون مہ جبین لیکن
وہی بھائے مجھے سب سے طبیعت جسپہ آئی ہی

ایک ساغر مئے اُلفت کا پلادے ساقی
اپنے در کا تو مجھے مست بنادے ساقی

جام کیا چیز ہی مجھ رند کے آگے ساقی
اپنے خم سی تو مرے مُنہ کو لگا دے ساقی

تشنگی حشر مین بھی مجکو نہو گی ہرگز
چشمک در کی اگر مئے تو پلادے ساقی

تیرا امکان کہان ہے ای لامکان والے
اپنا نشان بتادے ای بے نشان والے

ترچھی نگہ سے پیارے مارا ہی تونے مجکو
سیدھی نظر سے اپنی تم ہو جلانے والے

کس بیگنہ کے خون کا پیاسا ہوا ہی ظالم
ای تیغ و نیزہ خنجر تیر و کمان والے

بازار عاشقی مین کیونکر سبنے گا سودا
وہ ہین رقیب میرے جو ہین دکان والے

مت کر غرور شاہد وہ یاد حق مین ہر دم
محروم رہتے ہین وہ جو ہین گمان والے

تم دلربا ہمارے دل کے لبھانے والے
تم ہر طرح جہان مین جلوہ دکھانے والے

دل لے لیا ہمارا بو لا صنم یہ ہنسکے
واپس نہین ہین کرتے دل کے لیجانیوالے

صانع کی صنعتون پر دیکھو بغور عبرت
صورت بنانے والے پھر ہین مٹانیوالے

کس سے کہو نہین اپنا وہ راز درد پنہان
جا کر بسے عدم مین جو تھے سوجھانیوالے

اس میہمان سرا کا دیکھا عجب تماشا
آتے ہین آنے والے جاتے ہین جانیوالے

ساقی نے ہی پلایا جام شراب وحدت
مرشد کے جاؤن صدقے حق سے ملانیوالے

شاہد نثار اُن پر جو ہین حبیب داور
محشر مین عاصیون کے وہ ہین بچانے والے

ہم تو یارو مصطفے کی دلمین الفت لیچلے
زاہد و عابد یہ دونون تو عبادت لیچلے

بار عصیان سر پہ میرے حشر کا کچھ غم نہین
پیش حق ہم مصطفا کی بس شفاعت لیچلے

صدق دل سے جو پڑھے نام محمد پر درود
بس فرشتے لیکے تحفہ پیش حضرت لیچلے

حشر مین امت پہ اپنی ہون محمد مہربان
جام کوثر بس پلا کر سوے جنت لیچلے

عالم رویا مین تیری تو جھلک دیکھی نہین
اس لیے دنیا سے ہم تو دلمین حسرت لیچلے

غمزے سے تیرے جانان جاتی ہی جان عاشق | تیری نظر تو وہ ہے جادو دیا سحر ہے

ہوا کہ نظر ادھر بھی لطف و کرم کی تیرے
شاہد نظر کا تیری رہتا تو منتظر ہے

اور کو جلوہ دکھایا یار نے | ہم سے کیسا منہ چھپایا یار نے
اصل سے اپنی جدا ہمسکو کیا | پھر تماشا خود دکھایا یار نے
خاص قبلہ عاشقوں کا ہے یہی | جسطرف رُخ کو پھرایا یار نے
قتل عاشق ہو گیا اوسدم وہین | تیغ ابرو جب ہلایا یار نے
کیا کرین کعبہ مین جا ہم ڈھونڈنے | دل مین میرے گھر بنایا یار نے
اپنے رُخ سے جو لیا بُرقع اوٹھا | مست ہمکو خود بنایا یار نے

شاہد اب جاتی رہی دل سے دوئی
جام وحدت جب پلایا یار نے

ہاے تیرا محل خانہ دور ہے | بوسہ گاہ آستانہ دور ہے
تجھ تلک کیا جاسکے طائر خیال | ہاے تیرا آشیانہ دور ہے
جب ملے ہم سے تو یون کہنے لگے | ساتھ مین اور ونکے جانہ دور ہے
سخت منزل دور ہے میرا وطن | کیا کہون اپنا ٹھکانہ دور ہے
جو کہ تیرا قول ہے حبل الورید | ہم سے کرتا کیون بہانہ دور ہے
ہاتھ آئے قرب سے اوسکو شکار | کیا ملے جبکا نشانہ دور ہے

کرچکے شاہد سے وعدہ وصل کا
ہے ابھی تو وہ زمانہ دور ہے

شاہد مریض اُلفت اُسکا ہی اے طبیبو
صندل کے لگانے سے پھر دردسری کیون ہی

کہین ہم دیر مین گذرے کہین کعبہ مین جا ٹھہرے
نہین اک جا پہ ہم رہتے ہمارا نام ہرجائی
ہمارے عشق نے ظاہر کیا ہی عالم ہستی
فنا ہوتے نہین عشاق گر ظاہر مین مرتے ہین

خیال یار مین جس جا پہ ہم پہونچے ذرا ٹھہرے
دل عشاق مین گذرے کہین ہم لا ٹھہرے
اسی سے نیست ہوکر عالم باقی مین جا ٹھہرے
کیا خالی جو یہ خانہ تو اُس خانے مین جا ٹھہرے

ملے ہمراز گر شاہد اوسے بیشک سوجھا مین ہم
کہین شیر خدا نامے کہین ہم مصطفےٰ ٹھہرے

ازل سے تا ابد بس عشق کا آزار باقی ہی
چلائے تیر مژگان کے مرے سینے پہ ہین تمنو
نہ آئے یاد موسی بھی تری اس لن ترانی سے
وہ ہم سے کرتے ہین باتین ابھی نیچی نگاہون سے

یہی اب دلمین میرے آرزوے یار باقی ہی
مگر اک وار تیغ ابروے خمدار باقی ہی
کہ اب تک دلمین میرے حسرت دیدار باقی ہی
ہمارے درمیان اونکے حجاب عار باقی ہی

ابی شاہد عشق کا سودا کہان عقبیٰ مین پائیگا
ابھی عالم مین تیرے حُسن کی بازار باقی ہی

اے دل صنم کی ملتی نہین خبر ہے
اے لامکان والے تیرا مکان کہان ہی
کعبہ مین بتکدے مین ڈھونڈا صنم کو ہمنے
تیرا نہ گھر فلک پر رہتا نہ تو زمین پر
چشم یقین سے اوسکو دیکھو تو سب جہان مین

جسکے لیے جہان مین پھرتا تو دربدر ہے
مجکو پتا بتادے جس جا ترا گذر ہے
پایا نہین وہان بھی اے یار تو کدھر ہے
تو نے تو میرے دل مین اپنا بنایا گھر ہے
بیشک جمال اوسکا انسا نہین جلوہ گر ہے

تم ہو کلال خلق مصور بھی تمھین ہو
کس شان تجمل سے ہر اک شان مین آئے

سودا مجھے کیونکر نہ ہو خوبان جہان سے
تم موے سیہ زلف پریشان مین آئے

شاہد نے تمھین پایا ہے عالم صفات مین
تم تو ہو ہر اک بستی و ویران مین آئے

جلدی سے آؤ پیارے اب جان لب پہ آئی
تم مین تو شان وہ ہے اعجب از مسیحائی

اور دن پہ کس طرح سے رکھتے ہو مہربانی
ہم سے کھچے ہو کیسے کرتے ہو بے اعتنائی

کپڑے رنگے سے کیا ہو تن من رنگا نہووے
رنگ دوئی کو چھوڑ دے نے رنگ ایکتائی

دہوکا تم ہمکو دیتے ہم تم کو خوب سمجھے
مرشد کے اپنے صدقے کیا بات ہمین بتائی

صیقل اگر نہ ووے مرآت سے زنگ نہ چھوٹے
جب راہ ہمنے پائی تو کعبہ کی ہوئی صفائی

حیرت مجھے نہ کیون ہو مثل آئینہ کی صورت
صورت تمھاری پیارے ہر خلق مین سمائی

جلوہ گری ہے تیری عالم مین ہے تماشا
گہ تو ہی تاج شاہی گہ صورت گدائی

علم و عمل ہے ہرگز ملتا نہین صنم ہی
جب وہ خودی سے گذرے ملتی ہے تب خدائی

وجہ اللہ کے معانی شاہد نے ہین یہ جانے
باصر علی کی صورت جبسے ہے دیکھ پائی

عالم مین تیرے حسن کی یہ جلوہ گری کیون ہے
مہر تیری محبت کی اس دل مین بھری کیون ہے

ناز و ادا سے آنکھین کیا ہمکو تم دکھاتے
یو نہین تو نذر ہے دل جادو نظری کیون ہے

پہلے نظر کرم کی رہتی تھی ہم پہ پیارے
چتون تمھاری ہمسے اب ایسی پھری کیون ہے

حسرت صنم کی دل سے ملنے کی جلے کیونکر
رہتی ہے عاشقون کے آنکھون مین تری کیون ہے

صورت تمھاری پیارے دل مین بسی ہے سب کے
بس دل مین تمکو دیکھے آئینہ گری کیون ہے

تو دلبری ہنر مین تو غمزۂ نظر مین ‏ — تو حسن جلوہ گر مین جو کچھ کہ ہی سو تو ہے

وحدت کھلی یہ ہم پر عنصر مین تیرا مظہر — جان و تن و جگر مین جو کچھ کہ ہی سو تو ہے

تو روے ماہ تابان تو موے زلف پیچان — ہر شام و ہر سحر مین جو کچھ کہ ہی سو تو ہے

گلشن مین آکے دیکھا بلبل ہی گل پہ شیدا — ہر برگ و ہر شجر مین جو کچھ کہ ہی سو تو ہے

حور و ملک مین واللہ تیرا ظہور و جلوہ — تو جن مین اور بشر مین جو کچھ کہ ہی سو تو ہے

ذرے مین مہر انور قطرے مین ہی سمندر — تو سینہ و صدر مین جو کچھ کہ ہی سو تو ہے

ارض و سما مین کیسا تیرا ہے نور چمکا — کیا شمس اور قمر مین جو کچھ کہ ہی سو تو ہے

تو ہر لباس شاہی ہر بینوا گدائی — تو سمع اور بصر مین جو کچھ کہ ہی سو تو ہے

اس عشق نے ہی تیرا جلوہ مجھے دکھایا — تنویر ہر شرر مین جو کچھ کہ ہی سو تو ہے

جیسے صدف مین گوہر ہمکو ملا ہے دلبر — قلب و روح سن جگر مین جو کچھ کہ ہی سو تو ہے

مرشد نے ہی سو چھائی دل سے دوئی ہٹائی — تو نفع اور ضرر مین جو کچھ کہ ہی سو تو ہے

شاہد نے بس یہ جانا یکسو ہی زشت و زیبا
اہل نظر کے دل مین جو کچھ کہ ہے سو تو ہے

ای جان جہان تم تو ہر اک شان مین آئے — تم جلوہ نما صورت انسان مین آئے

مانند بوے گل کے ملا تجھ مین سب ہے صنم — گر دیکھ یقین دل سے تو پہچان مین آئے

بس ظاہر و باطن مین تو ہے قول تمھارا — در پردہ تھین تم ہو تن و جان مین آئے

پھیلا ہے ترے حسن کا عالم مین تماشا — موسیٰ بھی کوہ طور پہ حیران مین آئے

اس عشق نے کھویا ہمین بس دو نو جہان سی — کیا کفر کیا اسلام جب عرفان مین آئے

ہم عشق کے بندے ہین نہ کچھ کام مذہب سی — جانان پہ فدا دل ہو تو ایمان مین آئے

شاہد دانی الف تو دانائی

فدای جلوهٔ جانانه باشی — بمیدان وفا مردانه باشی
چو می با شیشه و پیمانه باشی — چو جان در تن در آجانانه باشی
دلا در بحر حسنش آشنا شو — ز شیخ خویشتن بیگانه باشی
ترا سیر گلستانش حرام ست — اگر بر بوی گل شیدانه باشی
بقید خانه تا عمر گذاری — فدای روی صاحب خانه باشی
خجل باشی به محشر پیش عشاق — اگر یک دم ازو بیگانه باشی

قدح بر گیر شاہد از مے عشق
به بزم عاشقان مستانه باشی

توئی عاشق توئی دلدار ہستی — توئی ہبینی توئی دلدار ہستی
انا من نور دیدم در حدیثے — توئی عالم ہمہ انوار ہستی
توئی باده توئی ساقی عالم — توئی مستان توئی خمار ہستی
توئی کعبہ توئی تبخانه داری — توئی مومن توئی زنار ہستی
توئی باد خزان فصل بہاری — توئی بلبل توئی گلزار ہستی
توئی عالم توئی قاضی و مفتی — توئی منصور بر سر دار ہستی
توئی اول توئی آخر ولیکن — توئی ظاہر توئی اسرار ہستی

بجز عشق خدا کارے ندارم
که شاہد را توئی مختار ہستی

تو مست و بیخبر مین جو کچھ کہ ہے سو تو ہے — ہشیار و باخبر مین جو کچھ کہ ہے سو تو ہے

یارسول اللہ جمال نور حق یکتا توئی
من رآنی شان بی صورت صمد توئی

بیگمان شان خدائی عین شان مصطفے
ما رمیت اذ رمیت کارہا مولے توئی

ہم ز چشم و دل وضو سوئے تو میخوانم نماز
ای حریم کعبہ ہم مسجد اقصی توئی

الذی اسری بعبدہ در حقت نازل شدہ
در شب معراج قرب قوس او ادنی توئی

قبلۂ و کعبۂ و عالم سوی شاہد بنگری
تو شفیع عاصیان و مالک فردا توئی

یارسول اللہ کریمی مولدی
یا حبیب اللہ رحیمی مرشدی

سید کونین ختم المرسلین
تو برائے جملہ عالم آمدی

جملہ عالم را ظہور از نور تست
گر نبودی جود فیض سرمدی

تکیہ گاہ و مسندت عرش برین
در مدینہ چون صدف گوہر شدی

یا شفیع المذنبین یوم نشور
جائے یابم در لوائے احمدی

یا نبی اللہ نمائی راہ حق
باز داری نفس من را از بدی

لطف فرما مر لبشاہد خستہ را
خبر گیری یا حبیب سیدی

بایقین دل بچشم بکشائی
مظہر کائنات مولائی

آنکہ معنے فثم وجہ اللہ
روئے عالم بخویش بنمائی

جان و دل را بہ تن فدا سازی
سوئے جانان شوی بسودائی

کیف مد الظل بہ بین درین عالم
کل شئ محیط السر مائی

الف بینی و ہم الف خوانی

در عشق ہر کہ فانی آن رفت در لقائی

وز دیدہ نگہ کرد بمن حجلہ نشینی
نازک بدنی شور جہان نمکینی

از ابرو مژگان بنشستہ پے صیدی
با تیر و کمان دشمن جان نکینی

بر دوش خود از کاکل پیچان بنہ دامی
کافر نگہی سنگدلی رہزن دینی

از پرتو رویش نہ بود چون ہمہ عالم
نامش پی دلہاست چو نقشی بہ نگینی

اول بفلک ہر صفتی بود نمایان
آخر چو گہر جلوہ نماشد بہ زمینی

محسود جہان مہر و صفا نور مجسم
مثلش بدو عالم نبود ہیچ حسینی

بشناس کہ این شاہد جان باختہ دارد
از سجدہ سنگ در او خط جبینی

بردہ دلم با غمزہ تازہ جوان ہاشمی
رنگ بہار اصطفی سرو چمان ہاشمی

ماہ عرب شاہ عجم جان جہان اتقی
نقش نگین اہتدا نام و نشان ہاشمی

چون نبود بذات او عز اب جد خودش
کز رخ او گرفت ضو جنس دوکان ہاشمی

نقد شکیب را ربود از نکتہ کرشمہ سنج
مہر سپہر اعتبار گوہر کان ہاشمی

شمع سبل شاہ امم فخر رسل دلیل کل
پرتو نور ایزدی روح روان ہاشمی

شاہد بینوای را صبر و قرار و عقل و ہوش
رفت بہ ہجر نورس گلشن جان ہاشمی

رباعی

شدم مست شوق جمال نبی
بدل ہست ذوق جمال نبی

نظر کن ای شاہد بعین الیقین
ہمہ تحت و فوق جمال نبی

ردیف ی

بجهان بجمال خود را بچه شکل شیدائی | ناگاه دلم ربودی با ناز و کج ادائی
از هجر دلفگارم که مرهمی ندارم | حکما چه نبض دیدند گفتند لادوائی
به نگاه تو قتیلم ز ابروی تو شهیدم | که مرا شکار کردی بجمال دلربائی
که فرمود اذکرکم با ذکر و یاد دستم | در حیرتم ای جانان ز خویشتن جدائی
زاهد بسوی مسجد راهب بدیر میرفت | از یار خالی دیدند نرسد کسی برسائی
هر صورتیکه دیدم جز یار خود نبینم | بیرون درون او خود در هر قبا در آئی
ای یار بی نصیبم در عشق تو خرابم | جرمم بگیر اکنون از بهر مصطفائی
بنظاره حقیقت خواهم شراب وحدت | مست الست سازی ز خودی بکن رهائی

شاهد بصدق باشی سازی در عشقبازی
هرگز خدا نیابی با خرقه ریائی

ای ترک کج کلاهی بجمال دلربائی | ای جلوه حق نمائی دل و جان من فدائی
از رخ تو مهر انور ای رشک مه لقائی | چه کنم که وصف حسنت بقسم خدا گواهی
دل زار من ربودی نکنی بمن جفائی | نظری بناز قربان بر من تو باز گاهی
درد فراق دارم ز دلم که دود آهی | در راه کوی جانان افتاد پر بلائی
آسان کسی نداند در عشق او تباهی | آن سرور دو عالم چون نام مصطفائی
بکسی که لطف سازی بگدا کنی تو شاهی | از عشق هر که خالی دور است از خدائی
گر حلقه میم آید تا حشر او پناهی | در هوای نقش بندم ز خودی بکن رهائی

شاهد مریض عشق است نه کند اثر دوائی

مین ہون غلام کمتر تیرے تو پاک در کا   مجکو تو مست و شیدا اپنا بنائے خواجہ

تم نور مصطفے ہو تم چشم مرتضے ہو   سلطان ہند و عالم حاجت روائے خواجہ

تم روح خواجہ عثمان تم دل ہو شاہ جیلان   قدرت سے مجکو اپنی صورت دکھائے خواجہ

ہے ذات سے تمھاری روشن چراغ چشتی   آنکھون مین دل مین میرے پرتو ضیائے خواجہ

دیدار سے تو اپنے مجکو کرو مشرف   رہتا ہے دل مین میرے شوق لقائے خواجہ

شاہد غریب خستہ تمسے یہ عرض کرتا
میری مراد دل کی جلدی بر آئے خواجہ

گنہ سے اپنے ہو شرمساری الٰہی توبہ الٰہی توبہ   قبول توبہ تو کر ہماری الٰہی توبہ الٰہی توبہ

عدم سے آنے فنا کے گھر مین نہ فکر کچھ بقا کی ہمنے   یہی ہو ذرات آہ و زاری الٰہی توبہ الٰہی توبہ

نہ کی عبادت خدا کی ہمنے نہ کی اطاعت نبی کی ہمنے   یہ یون ہی جاتی ہے عمر ساری الٰہی توبہ الٰہی توبہ

کڑی ہے منزل بروز محشر عذاب گور و صراط پل پر   مجھے بھروسا ہے ذات باری الٰہی توبہ الٰہی توبہ

یہ عرض کرتا ہے تمسے شاہد نہ بھولو مجکو تم اب خدارا
تمھاری رہتی ہے یادگاری الٰہی توبہ الٰہی توبہ

جان و تن مین ظہور جانانہ   مالک الملک وحدہ خانہ

آب و گل سے نکل کے دیکھ ذرا   چاہ دل مین چھپا وہ جانانہ

شیشۂ دل مین کر تو روشن شمع   پھر ہو قربان مثل پروانہ

کعبہ کاشی بسائے دل مین   ہے اسی مین جمال جانانہ

شاہدا عشق مین فنا ہو تو
بقا حاصل ہو مثل حنانہ

نہ بھجوا غیر کے در پر یہی ہے آرزو دلبر
کہ اپنے در کا سگ مجکو بناؤ یا رسول اللہ

کرون فریاد کس سے جا نہین دنیا مین ہی متسا
بُرے اعمال کو میرے مٹاؤ یا رسول اللہ

خجل شاہد گناہون سے یہی امید ہی تمسے
عذاب حشر سے مجکو بچاؤ یا رسول اللہ

یارب مجھے دکھلاوے تجلای مدینہ
حامی ہوا اوسکا شہ والای مدینہ

کسطرح سے اون جانہو دل خلق کا روشن
جنت جسے کہیں وہ صحرا ہے مدینہ

اسواسطے ہی عرش پہ فخر اوسکو کہ گلشن
ہی قبلۂ کونین سے صحرا ہے مدینہ

کھُل جاتے ہین عقدے دل ناشاد کے اُس جا
کیونکر نہ ہون مین عاشق و شیدا ہے مدینہ

شاہد کو تمنا ہے خدایا کہ پس مرگ
مدفن ہو مرا ارض معلا ہے مدینہ

یارب یہ تمنا مجھے پہونچا ہے مدینہ
دیکھون مین تجلی شہ والا ہے مدینہ

مجھسے جو کوئی پوچھے تو کھاؤن مین یہ قسم
بس گلشن فردوس ہمین صحرا ہے مدینہ

کیا صلّ علےٰ شان نبی شان خدا ہے
جنت جسے کہتے ہین سہی جا ہے مدینہ

بیشک جو ترا در ہے وہ ہی قبلہ و کعبہ
کیونکر نہ ملائک ہون جبین سا ہے مدینہ

روضے پہ ترے چرخ تصدق ہوا کرتا
ہے زیر قدم عرش معلا ہے مدینہ

اللہ یہ ہے آرزو میری دم آخر
جب جان تن سے نکلے کہے ہاے مدینہ

شاہد تو ترے عشق مین رہتا ہی خستہ دل
کس دن وہ سے کہیگی یہ جا ہے مدینہ

منزل فنا بقا کی ہمکو دکھائے خواجہ
جان ہے نثار خواجہ دل ہے فدائے خواجہ

او سکو کنجی ملی ہے جنت کی
جامہ توحید ہے یہی کلمہ
علم حق گم ہوا ہے صوفی مین
دونو عالم کا ہے یہی قبلہ

جسنے دل سے کہا ہے الا اللہ
اس سے بس مدعا ہے الا اللہ
اونکے دل مین بسا ہے الا اللہ
سب کی حاجت روا ہے الا اللہ

لا الہ مین فنا تو ہو شاہد
با حصول بقا ہے الا اللہ

عشق دارم تو یا رسول اللہ
ہجر دارم تو یا رسول اللہ
باغ فردوس را نمی خواہم
تاج شاہی مراز خاک درت
ہر نفس غیرتِ زدل برخیز
روز محشر ترا شفیع دارم
جلوہ فرما بعالمِ رویا
عاشق آنست دل فدا سازد

بیقرارم تو یا رسول اللہ
دلفگارم تو یا رسول اللہ
خواستگارم تو یا رسول اللہ
خاکسارم تو یا رسول اللہ
یادگارم تو یا رسول اللہ
گنہگارم تو یا رسول اللہ
انتظارم تو یا رسول اللہ
جان نثارم تو یا رسول اللہ

کن مشرف زجلوہ شاہد را
چشم دارم تو یا رسول اللہ

بس اپنے عشق مین مجکو اوٹھاؤ یا رسول اللہ
کہ تم ساقی کوثر کے اور سرور دین و دنیا کے
نہ سمجھا کچھ حقیقت کو کہ حق کی معرفت کیا ہے

تماشا حق کی صورت کا دکھاؤ یا رسول اللہ
شراب عشق مولی کی پلاؤ یا رسول اللہ
مجھے اب خواب غفلت سے جگاؤ یا رسول اللہ

تمنے کہے اس زبان سے تو مُردے جلا دیے / سلطان شمس دین اور دنیا تمھین تو ہو

شاہد کو اپنے ناز سے مارا جلا دیے
بیشک ہمارے حق مین مسیحا تمھین تو ہو

خراب گشتم بشوق جانان چھپا لی انکھیان لگا کے ہمکو / بدہ تو جام شراب وحدت الست کر دے پلا کے ہمکو
اری جان عالم دلم تو دادہ دادہ سر بھی دینے کو ہون آمادہ / اگر نہ سر تن جدا چو منصور کہ بات حق پر سنا کے ہمکو

ونحن اقرب کہ خود بگفتہ پھر کیونکہ ہمسے چھپا تو رہتا
شاہد کہ غمگین فتادہ برخاک ملو تو میان اوٹھا کے ہمکو

ذاکر تو وہ نہین کہ جسے ذکر ہو نہو / گم ہو یہان تلک کہ جب ہین اور تو نہو
وہ شی جہا مین کون ہے جسمین کہ تو نہو / خالی وہ کون گھر ہے کہ جسمین سبو نہو
وہ دل نہین کہ جسمین تری آرزو نہو / وہ منہ نہین کہ جسمین تری گفتگو نہو
بلبل نہین چمن مین جسے جستجو نہو / وہ گل نہین کہ جسمین ترا رنگ بو نہو
ساغر ہو میکدہ ہو ساقی جو تو نہو / گلشن مین کیا مزا جو مرا ماہرو نہو
جنت مین نعمتین بھی ہین حور و قصور بھی / کیا لطف زندگی جو مرا خوبرو نہو
کیا خاک وجد پیدا ہو مجکو ای عارفو / محفل سماع مین مطرب ہو اور خوش گلو نہو

شاہد نماز کب ہو کہ جسکا وضو نہو
دیدار کب بھلا ہو اجو روبرو نہو

ردیف ہ

ہر مرض کی دوا ہے الا اللہ / جلوۂ حق نما ہے الا اللہ
قلب اس سے کھُلے ہے انسان کا / عاشقون کی غذا ہے الا اللہ

فلک گریاں جو اوسکے عشق میں ہے — بہایا اوسکے اشکوں نے یم کو
ہوا عرش بریں کو فخر اوسدم — شب معراج جب رکھا قدم کو
ہوا جو دل فدائے روئے جاناں — کریں کیا جا کے ہم دیر و حرم کو
مقام اپنا ہے اندر کوئے دلبر — کریں کیا لیکے ہم باغ ارم کو
تری فرقت سے میرا دل ہے مضطر — سہوں میں کب تلک تیرے ستم کو
عبث ہے کیا لگانے دل کسی سے — جو آیا وہ گیا ملک عدم کو
جمال اپنا دکھادے اے مسیحا — تو کر آزاد غم سے شاد ہم کو

ترے دیدار کا طالب ہے شاہد
نہ ملک و مال نہ جاہ و حشم کو

علم الیقین سے جانا واللہ مجھ میں تو ہے — عین الیقین سے دیکھا تیرا جمال ہر سو
عاشق وہی ہے کامل جز یار کچھ نہ دیکھے — مجنوں بجائے لیلیٰ دیکھے ہے چشم آہو
الفت میں تیری قمری گردن میں طوق ڈالے — پھرتی ہے جوش دل سے کرتی چمن میں کوکو
آئینہ دل میں دیکھی صورت جب اوسکی اوسدم — کر دور شرک دل سے پاوے تو اوسکو یکرو

دیکھے ہزاروں شاہد کیسے حسین لیکن
تمسا جہاں میں ہمنے پایا نہیں ہے خوشرو

عالم کے بوستاں میں تماشا تمھیں تو ہو — تم حسن دلربا دل شیدا تمھیں تو ہو
تم طور پر ضیا ید بیضا تمھیں تو ہو — مجنوں سے عاشق لیلے تمھیں تو ہو
تم عرش و چرخ و اختر و فرش زمیں ہو — تم خط پاک یثرب و بطحا تمھیں تو ہو
تم تو جہاں میں صورت مومن ہو برہمن — تم مسجد و ہم دیر و کلیسا تمھیں تو ہو

ردیف واو

از جمال حق عیان بر روے تو / قتل گشتم از خم ابروے تو

مہر تابان از رُخ نیکوے تو / مہ نو از خمِ ابروے تو

زکویت ہست پیدا باغ فردوس / ہست طوبی از قد دلجوے تو

مسلمان کعبہ را بتخانہ ہندو / عاشقان را قبلہ گاہ روے تو

شاہد آنرا عشق کامل در جہان
جان و دل را ہر کہ دارد سوے تو

اسم اعظم دعا ہے اللہ ہو / درد دل کی دوا ہے اللہ ہو

ذکر کُل انبیا ہے اللہ ہو / ذکر ہم مصطفیٰ ہے اللہ ہو

حامل عرش کا وظیفہ ہے / ہر ملک کی صدا ہے اللہ ہو

سب سے بہتر ہے شغل پاس انفاس / ورد کُل اولیا ہے اللہ ہو

زنگ دل سے یہی چھوڑاتا ہے / آئنہ دل کشا ہے اللہ ہو

نور حق جلوہ گر تو اونمین ہے / جنکے دل مین لکھا ہے اللہ ہو

گوش دل سے یہی صدا سُن لو / ہر طرف غل مچا ہے اللہ ہو

اپنی ہستی کو کر فنا اسمین / پھر تو حاصل بقا ہے اللہ ہو

ہر نفس ذکر کر تو شاہد یہ
راحت جان فزا ہے اللہ ہو

جہان مین فخر ہے شاہ عجم کو / محمد مصطفیٰ شافع اُمم کو

ترے در پر ملائک ہین جبین سا / نہین رتبہ یہ لوح و قلم کو

شہیدِ ناز کو تیرے بقائے جاودانی ہے | فنا ہو کر ہوے زندہ پئے دیدار رہتے ہین

نگاہون مین نظر مین دل مین شاہد کے ہو تم ہر دم
مکانِ یار کے پیچھے پس دیوار رہتے ہین

شاہ شہید دشت کرب و بلا سبطین | خون جگر محمد نور خدا اے سبطین
نور دل رسولان مصباح شاہِ گیلان | جان علی و زہرا چون حق نما اے سبطین
بالب مسیح عیسی آن ہم کلیم موسے | گویند ہمہ ملایک حمد و ثنا اے سبطین
لاریب شاہ خوبان سلطان تاز نینان | مثل جمال یوسف جلوہ نما اے سبطین
در عشق او فتادست اندر سرائے عالم | بشنو بگوش ہر سو ماتم صدا اے سبطین
از آب و گل بخوشبو تازہ بہار گلشن | میکرد ہر یک بلبل نغمہ سرا اے سبطین
ایمان و دین من این داریم حب سبطین | از مال و جان نثارم دل بن فدا اے سبطین

ای جسم ہاے قبلہ وی جانہای کعبہ
شاہد بدل تمنا شوق لقا اے سبطین

خالق کے ساری خلق مین پیارے حسین ہین | محبوب کبریا کے دولارے حسین ہین
لخت دل نبی و علی و بتول پاک | مشکل کشا جہانمین ہمارے حسین ہین
ہر دل عزیز ہر نبی سردار ہر ولی | جانباز عاشقون کے دولارے حسین ہین
نور نظر جناب رسالت مآب ہین | کونین مین خدا کے دولارے حسین ہین
لوگو کرو حسین کے غم مین تو چشم نم | دفتر گنہ کے دھونگے تمہارے حسین ہین
کیونکر نہ شاہ دین پہ دل ہو مرا نثار | ارض و سما بھی عاشق و زارے حسین ہین
رہتا ہے دل تو ہو شاہد کا اسلیے | محشر مین عاصیون کے سہارے حسین ہین

مرشد نے پتا اوسکا بتایا مجھے جب سے — بس نور محمد تو ہے چمکا مرے دل مین

سارے جہان مین ہمنے پایا نہین شاہد
پیارے مرے جانی ہے تری جا مرے دلمین

دل نادان کو ہم اپنے یہ سمجھاتے ہین — کہ سہل عشق نہین کسے قسم کھاتے ہین
عشقبازی مین کہان شرم وحیا رہتی ہو — جو کہ دانا ہین وہ دیوانہ بنے جاتے ہین
میرے دلبر کو خبر جاکے یہ کہدے کوئی — وہ تو دن رات ترے غم مین بسجاتے ہین
جو کہ عاشق ہین تری راہ مین صدمہ سہتے — پر زبان پہ ترا شکوہ نہ کبھی لاتے ہین

جان و دل مال فدا کرتے ہین شاہد عشاق
اپنے سرکو تو تری راہ مین کٹواتے ہین

ترے کوچے مین جو آتے نہین ہرگز وہ پھرتے ہین — نگاہ ناز سے تیرے تو وہ بے موت مرتے ہین
جہان مین تم مسیحا ہو جلاتے ہو تم مُردے — ترے عاشق جو بسمل ہین نہ جیتے ہین نہ مرتے ہین
جہان پر شمع جلتی ہو وہان پروانے گرتے ہین — ہم حسن گاہ عالم مین سپئے دیدار پھرتے ہین
جُدا ہاہوت سے ہوکر یہان ناسوت مین آئے — دکھاتے دیکھتے جلوہ تماشا اپنا کرتے ہین
فنا فی الشیخ طے کرکے فنا ہو فی الرسول و سدم — سوم منزل مین جو آتے فنا فی اللہ کرتے ہین

اوسی دم سے تو پیدا ہو یہ سارا دمدمہ شاہد
جو آتے دم او جاتے ہین اوسیکا دم وہ بھرتے ہین

شراب شوق پینے سے ترے سرشار رہتے ہین — ہوے بیکار عالم سے تلاش یار رہتے ہین
غرض غوطہ لگانے سے ہو لبریز دریاے وحدت مین — براے جستجو معنی دُرِ شہوار رہتے ہین
مے وحدت کے پینے سے جو ہم بیہودہ بک جائین — سخن مستانہ کہتے ہین سُنے ہشیار رہتے ہین

جہان مین ہم نے اوسی کو پایا مسجد اور بتخانے مین
کیا بالا اور کیا پستی مین کیا بستی اور ویرانے مین

وہی ہے اول وہی ہے آخر وہی ہے ظاہر وہی ہی باطن
جسی مین دیکھا اوسی کو پایا وہی تو ہے ہر خانے مین

دوئی کو دل سے نکال ڈالو پھر دیکھو جلوہ تم اوسکا ہر سو
فنا سے گذرو بقا مین آؤ جانان کے مل جانے مین

سب دیر و حرم مین ڈھونڈہ پھرے نہین پایا اوسکو ای یارو
جب غور کیا تب اوسکو پایا اپنے اس کاشانے مین

جب طور پہ اپنا نور دکھا کے موسئے کو بیہوش کیا
بس طور کو ایسا جوش ہوا تب سرمہ بنا جل جانے مین

گر عاشق ہو تو ایسا ہو معشوق پہ کر دے جان فدا
پھر شمع کو دیکھو تاب کہان کیا عشق ہے پروانے مین

مین بیشک اسکا شاہد ہون تم ساقی کوثر محشر ہو
پلا دے مجھے شراب طہور اب مست بنا میخانے مین

برلا مرے جانی یہ تمنا مرے دل مین
آجا مرے دل مین تو سما جا مرے دل مین

مجنون بھی اگر ہوتا کرتا وہ رشک ہم سے
ہوتا ظہور جلوۂ لیلے مرے دل مین

دیر و حرم و کعبہ مین ڈھونڈین کسے جا کر
رہتا ہی پری رو کا سراپا مرے دل مین

اندر وجود اپنے کے دیکھا تو ہے موجود
یثرب مرے دل مین ہی کلیسا مرے دل مین

ای اہل شرع حکم شرع کا نہ لگانا
ہی نعرۂ منصور انا الحق کا مرے دل مین

کر مست ہستم بحال مستان جو بے تمھارے شراب پنہان
بیک نگاہے دلم ربودی غم جدائی سے سینہ سوزی
ترا بخلوت اگرچہ یابم چھپاؤن سب سے مین تمکو سیان
بس جلوہ ریزی کنی تو بر من کہ مثل موسے دکھاوے درشن
بشوق دیدن تو بے قرارم سناؤن کسکو مین اپنی بتیان
زپردہ بیرون اگر درآئی پھر آوے او سدم نظر خدائی
بدو در عالم چو حشر برپا جو دیکھین او بھری تمھاری چھتیان
بر حال شاہد غریب بنگر نظر عنایت کی ہووے اسپر
من چہ گویم بیان احسان پیارے موری گہی ہین بھیان

سلطان ختم الانبیا صل علی یہ ہی تو ہین
وہ خواجۂ ہر دو سرا وہ شافع روز جزا
شیدا ہی جنپر کبریا وہ دلربا یہ ہی تو ہین
امت کو وان لینگے بچا وہ ناخدا یہ ہی تو ہین
وہ قبلۂ کون و مکان وہ کعبۂ ہر دو جہان
وہ نور چشم عارفان وہ نور قلب سالکان
وہ جان جان عاشقان وہ حق نما یہ ہی تو ہین
نور دل صاحبدلان شمس الضحی یہ ہی تو ہین
وہ صدر ایوان رسل وہ مخزن اسرار کل
سردار جملہ اولیا سالار سارے اولیا
وہ ہادی شمع سبل نجم الہدیٰ یہ ہی تو ہین
وہ مظہر خلق خدا بعد از خدا یہ ہی تو ہین
وہ دستگیر بیکسان وہ چارۂ دردنہان
لولاک جنکی شان ہی جنکی صفت قرآن ہی
پشت پناہ امتان خیر الوری یہ ہی تو ہین
جنپر فدا رحمن ہی وہ مصطفےٰ یہ ہی تو ہین

وہ خسرو خلق خدا وہ حامی شاہ و گدا
شاہد کے وہ حاجت روا مشکلکشا یہ ہی تم ہین

بتون کو ہے تم نے نہال کیا پھر کیونکہ ہمین محروم کیا
کرو لطف و کرم کی مجھ پہ نظر حضرت مخدوم اعز الدین

مقبول خدا و الاگوہر مرے دل کو کرو اب تو خوشتر
ہے چشمۂ فیض جہان یہ در حضرت مخدوم اعز الدین

اس عالم مین ہے کیا رتبہ گھستے ہین ترے در سے ماتھا
کیا حور و ملک کیا جن و بشر حضرت مخدوم اعز الدین

اولاد علی آل اطہر شہدا سے تمھین ہو نور بصر
شاہد کے پناہ روز محشر حضرت مخدوم اعز الدین

اشرف العارفین نصیر الدین
اکرم السالکین نصیر الدین

ہے چراغ خانۂ نظام الدین
نیّر صدر نشین نصیر الدین

ایک عالم تو ہے فدا تم پر
اے مرے نازنین نصیر الدین

جلوۂ نورِ مصطفےٰ تم مین
اے مرے مہ جبین نصیر الدین

کرو اس وقت تم مدد میری
حامی دین متین نصیر الدین

تم تو روشن چراغ دہلی ہو
اے مرے حق گزین نصیر الدین

مہر کرتے تمھین ہو ذرے کو
اے مرے شمس دین نصیر الدین

ہے نگہ تم مین شمس تبریزی
اے مرے کاملین نصیر الدین

کمترین یہ غلام شاہد ہے
اے مرے دل نشین نصیر الدین

چشم دیدم جمال جانان لگائے بیٹھے ہین تم سے نینان

نہ دل نہ ہوا نہ روح رسا ہوئی آجکی شب معراج تھین

مومن نہ کہے شاہد اوسکو جو دل مین کرے کچھ شک اپنے
کس طرح گئے تا عرش اعلے ہوئی آجکی شب معراج تھین

ہمین کافی ہے اے مرے ماہ لقا تیری ایک نظر پڑجانے مین
مرے دل کو ہے ایسا چور کیا جیسے شیشہ وسنگ ٹکرانے مین

کرو اب نہ ستم ذرا بولو صنم اس دل پر ہے اک کوہ الم
فرہاد کہا دیا تو نے لقب لب شیرین کے ہلجانے مین

کیا دیر و حرم سے کام ہمین جو مقام کیا کوئے دلبر مین
ہم حج وطواف اوسے جانے ہین بس جانان کے ملجانے مین

اسد غنی ترا حسن وجمال اک عالم کو کیا مائل ہے
بس عشق مین تیرے جلتا ہون جون شمع صفت لہرانے مین

مین شاہد ہون تیرا عاشق زار نہین دلکو مرے ہی صبر وقرار
گر نکلے آہ مرے دل سے تو اک درد او ٹھے کاشانے مین

اے مرد خدا شہ دین پرور حضرت مخدوم اعز الدین
رہے سایہ ترا میرے سر پر حضرت مخدوم اعز الدین

کرو میری مدد اسوقت آکر گھیرے ہے مجھے غم کا لشکر
اب بہر خدا لو جلد خبر حضرت مخدوم اعز الدین

کیا عرض کرون غم کا دفتر ہے بار الم میرے دل پر
تمسے نہ کہون کس سے جاکر حضرت مخدوم اعز الدین

دین و دنیا کی مری سب حاجتین برلائینگے
نار دوزخ سے وہان بیشک نہ مجھے لینگے بچا
سارے عالم کے لیے مشکل کشا یہ ہی تو ہین
عاصیون کے شافع روز جزا یہ ہی تو ہین

شاہد بھلا جائے کہان یہ آستانہ چھوڑکر
کونین کے خیر الوری حاجت روا یہ ہی تو ہین

اے صلِ علٰے محبوب خدا ہوئی آج کی شب معراج تمھین
سبحان الذی اسرے بخدا ہوئی آجکی شب معراج تمھین
اے صدر نشین قوسین ادنے جامہ توحید حق سے پہنا
کیا وصال ہوا اللہ اللہ ہوئی آجکی شب معراج تمھین
اس جلوۂ و شان سے رسول گئے وہ حُسن کو یوسف بھول گئے
ہے روے محمد روے خدا ہوئی آجکی شب معراج تمھین
موسے نے کہا کیا ہے دلبر ہے نور الٰہی زیر نظر
ایسا ہم نے دیکھا نہ سُنا ہوئی آجکی شب معراج تمھین
گیا خلد مین جب وہ ماہ لقا ہوے حور و ملک دل و جان سے فدا
سب بول اُٹھے سُبحان اللہ ہوئی آجکی شب معراج تمھین
نہ حور و ملک نہ جن و بشر وہان جلتے ہین جبریل کے پر
نہین کوئی بھی اُوس تک پہونچا ہوئی آجکی شب معراج تمھین
سدرہ پہ رہے جبریل امین رہے تینو ملائک بھی غمگین
رفرف بھی رہا قدرت بخدا ہوئی آجکی شب معراج تمھین
پائے عقل سمند کے لنگ ہوے تا عرش برین سب تنگ ہوے

تیر مژگان کا لگا ہے دل پہ کاری اندنون
اسلیے ہر دل کو میرے بیقراری اندنون

چین اکدم فرقتِ دلدار مین مجکو نہین
دن کو وحشت رات کو اختر شماری اندنون

بلبلو مژدہ سنو ہو باغ مین نغمہ سرا
باغ مین گلرو کی ہے آتی سواری اندنون

ساقیا مجکو نہین ہی خواہش جام ریا
بادۂ وحدت کی ہو مجکو خماری اندنون

بعد مردن وصل کا مژدہ سنایا یار نے
اسلیے مجکو تو ہو اب زیست بھاری اندنون

غیر اپنا بس نظر آتا نہین ہے عشق مین
دل سے اب جاتی رہی ہو شرمساری اندنون

اب یقین لازم نہین شاہد سے پردہ ہر رو
کر رہا ہے تم پہ وہ بس جان نثاری اندنون

لے فرش زمین سے عرش تلک کہین پایا کسی نے مکان نہین
وے رکھتا نشان وہ تو ہے صنم کرو دل سے یقین وہ کہان نہین
ایک جام کیسا پلا دیا تو نے سب کو دل سے بھلا دیا
ہر شئے مین جلوہ دکھا دیا کہ زبان پہ جسکا بیان نہین
شاہد سخن کو تو مانیے اسس خانہ خدا کو تو جانیے
پایا تو ہمنے اس دل مین ہے جو یہان نہین تو وہان نہین

خواجۂ ہر دو سرا خیر الوریٰ یہ ہی تو ہین
روی محمد مصطفےٰ شان خدا یہ ہی تو ہین

جملہ زمین و آسمان پیدا ہوے جنکے لیے
آج وہ نور خدا نور خدا یہ ہی تو ہین

رخسے تمے روشن ہوا فرش زمین سے عرش تک
چشم الیقین سے دیکھلو شمس الضحیٰ یہ ہی تو ہین

محبوب رب العالمین کرسی نشین ادنا کے ہین
بس سرور کل انبیا بدر الدجیٰ یہ ہی تو ہین

لولاک انکی شان مین جنکی صفت قرآن مین
پڑھتے ملائک اور خدا صل علیٰ یہ ہی تو ہین

کہ ہر شے مین شان اوسکی آکر سمائی
حقیقت مین ہولی ملا ہمکو یارو
کہ حق مین تو رہتی ہین مستونکی آنکھین

نہین جنکی آنکھین کہان دیکھتے ہین
ہر مظہر اوسیکا جہان دیکھتے ہین
جدہر دیکھتے ہین وہان دیکھتے ہین

دل نور وحدت سے کہتا ہے شاہد
بظاہر کہین ہم نشان دیکھتے ہین

تمھاری نگہ کے جو مارے ہوے ہین
ترے ناز سے جو کہ کشتہ ہوے ہین
مرے دل مین الفت جو تیری سمائی
مئے جام وحدت کا جسنے پیا ہے

شہیدون مین وہ تو شمارے ہوے ہین
وہ درجہ شہادت کا پائے ہوے ہین
تو دل سے سبھی کو بھلائے ہوے ہین
وہ دنیا و دین کو بھلائے ہوے ہین

جو دل کو دکھاتے ہین شاہد تمھارے
وہ عرش برین کو ہلائے ہوے ہین

محبت کا خنجر جو کھائے ہوے ہین
طواف اوسکا کیونکر نہوا ونکو ہردم
نہین غیر کا خیال لاتے ہین دل مین
عجب ناز و غمزے سے آمد ہے اونکی
خفا ہین وہ ہم سے خطا کیا ہوئی ہے
مئے جام الفت کا ایسا پلایا

وہ درجہ شہادت کے پائے ہوے ہین
جو اندر حرم کے در آئے ہوے ہین
وہ پردہ دوئی کا اٹھائے ہوے ہین
وہ عاشق کے دلکو بھائے ہوے ہین
جو برقع مین منھ کو چھپائے ہوے ہین
جو ہستی کو اپنی بھلائے ہوے ہین

شب و روز دنیا مین تھا جسکو ڈھونڈا
وہ شاہد کے دل مین سمائے ہوے ہین

فنا ہو تو شاہد مرے ذکر ہو مین
تو مجھ مین نہان ہو مین تجھ مین عیان ہون

فدائے جلوۂ حسن بتان ہون
فراق یار مین ایسا پھرا مین
عوارض عشق سے درد جگر ہے
حرم مین دیر مین کیسا پھرا مین
اگرچہ پیر ہون عمر رسیدہ
نگاہ یار کیا میٹھی چھری ہے

شہید خنجر و تیر و کمان ہون
کہ شکل چاند آخر ناتوان ہون
تری فرقت مین پیارے نیمجان ہون
کہ دل مین اپنے لب یا تا نشان ہون
سراسر عشق مین تیرے جوان ہون
ذبح ہون گر تو تو بھی نیمجان ہون

زلیخا کی طرح ہے عشق شاہد
بقید گیسوے ماہ کنعان ہون

حق تو راضی ہو عشقبازی مین
عاشقی کا نہین ہو کام آسان
خون دل سے کرین وضو عاشق
ہون جو عاشق نیاز سے اپنے
اُس سے غافل تو کیون ہوئے دلدار
تیرے درگا گدا ہوا ہون مین

گر حقیقی ہو یا مجازی مین
ملے معشوق جان گدازی مین
نور حق دیکھ لین نمازی مین
سر کو دیتے ہین بے نیازی مین
جس طرح طفل خاکبازی مین
کرلے تو اپنی دلنوازی مین

اے مرے بادشاہ ذی کونین
رکھ تو شاہد کو سرفرازی مین

صنم کا جو دلمین نشان دیکھتے ہین
کہ جلوہ ہم اوسکا عیان دیکھتے ہین

دین و دنیا کا مین نہین طالب
ہان طلبگار ہون تو تیرا ہون

نہ تو زاہد ہون اور نہ عابد ہون
پر گنہگار ہون تو تیرا ہون

نہ مین میخوار ہون نہ رند ہون مین
پر مین سرشار ہون تو تیرا ہون

کفش بردار ہون غلام ترا
ناز بردار ہون تو تیرا ہون

تیری زلفون مین پھنس گیا دل ہی
ہان گرفتار ہون تو تیرا ہون

تیر مژگان کمان ابرو سے
ہان دل افگار ہون تو تیرا ہون

تو جو چاہے تو دے شفا مجکو
کیونکہ بیمار ہون تو تیرا ہون

نہین جنت مین حور کی خواہش
ہان طلبگار ہون تو تیرا ہون

دے چکے دل کو ہم تجھے جانان
گرچہ غمخوار ہون تو تیرا ہون

دل سے شاہد تمھارا شیدا ہو
عاشق زار ہون تو تیرا ہون

بتاتا یہ تمکو مین اپنا نشان ہون
تمھارے ہی دلمین مین تیر فشان ہون

جدھر کو کرو رُخ ادھر دیکھو مجکو
مین ہر سمت قبلہ تمھارا عیان ہون

مین ارض و سما ہون مین عرش برین ہون
کہین ہون مکان ہون مین کون و مکان ہون

نہین مجھسے کوئی جگہ ہیگی خالی
جہان مجکو دیکھو وہان بیگمان ہون

کہین مین زلیخا دل و جان سے شیدا
کہین گرم بازار ماہِ کنعان ہون

کہین ہون مین لیلی کہین قیس مجنون
کہین ہون مین ناقہ کہین ساربان ہون

مین جان ہون مین تن ہون مین جسم و جان ہون
تمھین تم مین گم ہون تمھین مین عیان ہون

سرِ دار منصور بولا انا الحق
یہ میری زبان ہے مین اوسکی زبان ہون

جو دل مین گمان رکھتے ہین اونکو ہی کہان دید
پردے سے باہر آگئے ظہور اپنا دکھایا
کر دو مجھ پہ نظر مہر کی سلطان دو عالم
عالم مین جسے چاہو اوسے شاہ بنا دو
تم ہم سے کشیدہ ہو بھلا کس لیے رہتے
اودل نے تجھے ڈھونڈا کیے عالم مین پھرے ہم

ایسون کی وہ آنکھو نہین نظر آتے نہین ہین
پھر کسطرح کہتے ہین کہ ہم پردہ نشین ہین
تم نیر افلاک ہو ہم ذرہ زمین ہین
ہم تو ترے در کے ہین گدا خاک نشین ہین
کیا تیری محبت مین خطاوار ہمین ہین
آخر کو تری یاد مین ہم گوشہ نشین ہین

شاہد کی نگاہو نمین سمائے ہوے دل مین
میری رگ گردن سے بھی زیادہ وہ قرین ہین

یہ دل تو اب جان سے کہ رہا ہے کہ یار مجھ مین مین یار مین ہون
یہ امر رب سنا رہا ہے کہ یار مجھ مین مین یار مین ہون
کہ ہون مین شاخ درخت لاہوت ہون مین گلہای باغ ناسوت
ہر ایک بلبل تو خوشنوا ہے کہ یار مجھ مین مین یار مین ہون
فلک پہ مہر و ماہ و اختر کہ تیرے رُخ سے ہین سب منوّر
ہر ایک ذرہ چمک رہا ہے کہ یار مجھ مین مین یار مین ہون
جمایا ہر رنگ مین اپنا نقشہ عجب یہ قدرت کا ہے تماشا
کہین وہ ظاہر کہین چھُپا ہے کہ یار مجھ مین مین یار مین ہون
جو بحر وحدت مین آگیا ہے تو شاہد اوسمین وہ گم گیا ہو
جون قطرہ دریا مین مل گیا ہے کہ یار مجھ مین مین یار مین ہون

عاشقِ زار ہون تو تیرا ہون
ہان طلبگار ہون تو تیرا ہون

باغ جہان مین آئی فصل بہار جانان ۔ ہر گل مین بو سمائی بلبل و نہار جانان
رخ سے تمھارے جانان روشن ہوا ہی عالم ۔ دیکھا ہے ہمنے جسکو پہنے شعار جانان
بس عشق نے تمھارے جلوہ گری دکھائی ۔ ہر چیز مین ہون پاتا نقش و نگار جانان
بھائی نہ سیر گلشن کیا ہو بہار جنت ۔ ہمکو فقط ہی بھاتا مسکن دیار جانان
جب سے شراب الفت ساقی نے ہی پلائی ۔ آنکھون مین دل مین میرے رہتا خمار جانان
ہر تار سے نکلتی آواز معرفت کی ۔ کر غور جان تن مین بولے ستار جانان
کعبہ یہی ہے میرا قبلہ یہی ہے ٹھیرا ۔ ہوتا ہو سجدہ اپنا سوئے وقار جانان

رکھتا نہ جاہ و حشمت دنیا مین مال و دولت
بس اے فقیر شاہد کر دل نثار جانان

بت کو بٹھا کے سامنے یاد خدا کرون ۔ اوسکا کرون طواف اور حج کو ادا کرون
کعبہ تو خالی یار سے پھر حج کو جائے کیون ۔ دل تو خدا کا گھر ہے اسی مین رہا کرون
کیا فکر ہو معاش کی کیا ہو تلاش دوست ۔ اس چند زندگی مین مین کیا کیا کیا کرون
مثل حیات خضر دل بریان ہو عشق مین ۔ درد فراق یار مین تڑپا کیا کرون
گر کر شمع پہ جل بجھا پروانہ لطف کیا ۔ جب تک جیو نمین عشق مین تیرے جلا کرون
دھوئین گنہ کی وصلیان ہین میری چشم نم ۔ ہر دم خدا کی یاد مین آہ و بکا کرون

شاہد نے پیش یار تو دل نذر کر دیا
اب کیا ہی میرے پاس جو اُسپر فدا کرون

ہم عاشق جانکاہ دل افسردہ حزین ہین ۔ معشوق بھلا کرتے ہین دل شادکہین ہین
بس ظاہر و باطن مین کھلی جنکی ہین آنکھین ۔ اُسکو تو وہی دیکھتے جو چشم یقین ہین

نازنینوں ہوں لو سودا مرا ‌‌ — دل نیچنے آئے سر بازار ہم
عرض کرتا ہوں تری درگاہ میں ‌‌ — دین و دنیا میں نہو وین خوار ہم
آپڑی کشتی مری منجدھار میں ‌‌ — کیسے اوتریں اب تو دریا پار ہم
اے خدا کیجیو مدد بہر حبیب ‌‌ — یا محمد کہکے اُتریں پار ہم
جبکہ پوچھیں قبر میں منکر نکیر ‌‌ — ق — بس کریں اونسے یہی تکرار ہم
عبد ہوں میں خالق عز و جل ‌‌ — اور غلام احمد مختار ہم
بال سے باریک راہ پل صراط ‌‌ — ہو مدد تیری تو اوتریں پار ہم
نیک و بد تولیں جو واں میزان میں ‌‌ — تول پوری ہو نہوں لاچار ہم
جب سوا نیزے پہ آوے آفتاب ‌‌ — تب ہوں ظل حیدر کرار ہم
تشنگی غالب ہو جبدم حشر میں ‌‌ — آب کوثر سے ہوں بس سرشار ہم

شاہد عاصی پہ ہو لطف نگاہ
تم سے کرتے یا نبی اظہار ہم

ردیف نون

روشن ہمہ عالم بہ ضیای عربستان ‌‌ — چشم و دلم مشتاق بہ لقائی عربستان
مائل نشوم جانب خوبان جہان ہرگز ‌‌ — باللہ دل ماست فدائی عربستان
جان و دل و ایمان خود را تبو دادند ‌‌ — راضی ہمہ عشاق برضائی عربستان
از جان بلال عاشق صادق رسول بود ‌‌ — دندان شکست اویس برائی عربستان
در شان علی لحمک لحمی شدہ نازل ‌‌ — خود را چہ فنا کرد بہ بقائی عربستان
شاہد نہ ہے قسمت کہ روی سوی مدینہ ‌‌ — بس گلشن فردوس ہمہ جائے عربستان

عشق ہے پروانہ سا دلمین مرے
مشتاق ہین دیکھین ترا رخسار ہم

ہو تجلی طور دل مین جلوہ گر
لیکے جائین حسرتِ دیدار ہم

پیش حضرت لیچلو تحفہ درود
تاکہ ہو وین سرخرو دربار ہم

عشقِ حضرت لیچلے ہم حشر مین
تا نہو وین زرد رو سرکار ہم

عشقِ احمد عین ہے عشقِ خدا
کفر ہو اسمین جو کرین انکار ہم

عشقِ ایسا ہو تجھے حنّانہ سا
تا رہین دائم مشغہ ابرار ہم

بادۂ وحدت سے رہتے مست ہین
کار دنیا سے ہوے بیکار ہم

ہم تو بحرِ عشق مین ڈوبے ہوے
مست رہتے ہین وے ہشیار ہم

دید کا جلوہ ترا ہر سو عیان
غیر کو دیکھین نہین زنہار ہم

جب سے بھولے ہین مزا قند و نبات
تب سے تیری سُن چکے گفتار ہم

پردہ ہم سے اب نکرا مخفی مکان
ہین بسے تیرے پسِ دیوار ہم

کیون ڈراتے ہو خم ابرو سے تم
رکھ چکے سر کو تہِ تلوار ہم

بعد مردن قبر پر گر ہو مسیح
جی اوٹھین سن لین تری رفتار ہم

سر پہ میرے اسقدر بارِ گنہ
کب اوٹھا سکتے گنہ کا بار ہم

تم شفیع المذنبین روز جزا
ہون مین عاصی تا نہون لاچار ہم

ہم شراب دنیوی پیتے نہین
مست رہتے ہین ترے سرشار ہم

دین و دنیا کی نہین خواہش مجھے
ہوے تیرے طالب دیدار ہم

اے طبیبو کیا بھلا اب ہو علاج
جو کہ رہتے عشق کا آزار ہم

وصل کا ساغر ملے تو ہو شفا
ہین جو تیرے عشق مین بیمار ہم

دل دادگون کو تم نے کیسا تو ہے جلایا
ہم جستجو مین تیری ہستی سے اپنی گذرے
دیکھو عجب تماشا عالم مین ہے یہ میرا
گہ شمع رو بہ محفل گہ پروانہ سوز دل
خندان وگاہ گریان غمگین وگاہ خرم

فریاد جا کرینگے روز حساب ہم
گہ دیر وگاہ کعبہ پھرتے خراب ہم
گہ طفل وگاہ پیر وگہ تو شباب ہم
گہ بلبل وگاہ گلشن گہ بو گلاب ہم
گہ وصل وگاہ فرقت کہتے حجاب ہم

شاہد زبان خموشی دل مین سمجھ تو اپنے
گہ آدم وگاہ حوا گہ بو تراب ہم

خود را بہ کوی جانان خستہ خراب دیدم
تیر نظر تو مارا مجروح سینہ کردی
بر اسپ شاہ خوبان آمد بسیر بازار
دل من حزین بحسرت جلوہ کنی بدگیر
با حسن خویش ایجان از من مکن تکبر
پروانہ عشق دارد بر رو شمع کہ ردشن

معشوق راز عاشق اندر حجاب دیدم
کز آہ سوز آتش دل را کباب دیدم
خلق حسد الشوق ہمراہ رکاب دیدم
محروم شد بدیدن بر رو نقاب دیدم
باشد کہ چند روزہ حسن و شباب دیدم
بلبل فدای از جان بر بو گلاب دیدم

شاہد کہ دل چہ بندی اندر سرای فانی
عمرت چنین بدریا مثل حباب دیدم

دل فدائے سید ابرار ہم
عشق احمد ہو جسے آئے سُنے
اک غلام کمترین امت سے ہون
تم ہو نور شمع بزم کبریا

جان نثار احمد مختار ہم
نعت مین کہتے ہین چند اشعار ہم
لا الٰہ کا کرتے ہین اقرار ہم
مثل تینگہ جلتے ہین ہر بار ہم

چو بزم مصطفےٰ آرای ز چشم اشکبار ریزد
چه گویم دل که مضطر بود شب جائیکه من بودم

بجلوهٔ و شان می آید درین بزم شه خوبان
قبا توحید در بر بود شب جائیکه من بودم

بیا شاهد درین محفل تماشا جلوهٔ حق بین
که ساقی جام کوثر بود شب جائیکه من بودم

غریق بحر وحدت ام کدامم من بچه مانم
ندانم نیست یا هستم که خود را من نمی دانم

نه دین مذهبی دارم مگر من کافر عشقم
نه گبرم من نه ترسا ام نه هندو نه مسلمانم

که عشقت در دلم دارم دگر چیزی نمی دارم
بنازت دل فدا سازم برویت جان قربانم

گر از کتم عدم آدم بر آوردی درین عالم
ز جلوهٔ خود عیان کردی ز رازِ سرِ پنهانم

توئی بالا و هم پستی توئی دریا و هم بری
توئی لولو و هم مرجان دگر چیزی نمی دانم

توئی رومی توئی شامی توئی مکی توئی مدنی
توئی شاه نجف اشرف توئی بغداد من دانم

توئی شاخ و ثمر دایم توئی برگ و شجر قائم
گل و خوشبو عنا دل را برای من گلستانم

منم رسوا و بدنامم ندارم چاره جز عشقت
منم رندِ خراباتم مقامم کوی جانانم

ندیدم صورت لیلی بجلوه خود دلم بردی
بآتش عشق دلسوزی چو مجنون دل پریشانم

بمکتب عشق من رفتم سبق اول همی خواندم
الف گفتم الف گویم الف دانم الف خوانم

نه بیند شاهد مسکین درین عالم بجز حسنت
ترا بینم ترا جویم ترا هر لحظه می خواهم

الفت کے میکدے سے پیتے شراب هم
خونِ غمِ جگر سے کرتے کباب هم

مکتب سے دل اٹھا ہی عالم سے جا کہنا
افسانه عشق گر کی پڑھتے کتاب هم

اس چند زندگی مین کیا کار هو دو عالم
دریا رواں کو دیکھا مثلِ حباب هم

شنیدم قصهٔ عشقِ زلیخا
گہ حسن گرم تو بازار دیدم
ولیکن زاہد لبظاہر بت پرستی
بہ تسبیح رشتۂ زنار دیدم
کہ دارد عشق بلبل سوز در دل
بخوشبوی گل گلزار دیدم

بیا شاہد درین ملک حقیقت
بہر صورت جمالِ یار دیدم

ای نبی آخر زمان مشتاق دیدار توام
وی باعث خلق جہان مشتاق دیدار توام
ای کعبۂ ہر دو جہان وی قبلۂ کون و مکان
ای سرور پیغمبران مشتاق دیدار توام
ای شفیع المذنبین وی رحمۃ للعالمین
ای ذمہ دار عاصیان مشتاق دیدار توام
ای سرگروہ انبیا وی خواجۂ ہر دو سرا
پشت پناہ امتان مشتاق دیدار توام

جبریل دربانی کند بر آستان مصطفیٰ
شاہد غلام ہیچدان مشتاق دیدار توام

بشوق روی جانانہ پئی دیدار میگردم
پئی سودای حسن او سر بازار میگردم
بہ گلشن سیر می بینم چو بلبل عشق من دارم
گل توحید می جویم نہ من بیکار میگردم
طوافِ کعبہ میسازند برای حج ہمہ حجاج
مرا ہر دم ہمین حاصل بگرد یار میگردم
ز دستِ ساقی جام شراب عشق می نوشم
بجوش حال مستانہ بکوی یار میگردم

خدایا کن نظر رحمت بشاہد بلگرامی را
غلام خواجگان چشتم قلندر وار میگردم

چہ روی حسن دلبر بود شب جائیکہ من بودم
غلام ماہ انور بود شب جائیکہ من بودم
بہ بین آن مصحف روی ز زلفش عنبرین بوئی
دماغم زان معطر بود شب جائیکہ من بودم

ہان ازل سے یان تو لائے درد دل
کیا کہون مین ماجرا لائے درد دل

ہان تمہارے عشق مین جلتا ہون مین
جان میری لیکے جائے درد دل

میرے دلمین درد ہی عشق بتان
ہی یہ جلوہ حق نمائے درد دل

تھے جو افلاطون و لقمان بو علی
پر نہ لائے وہ دوائے درد دل

اے طبیبو مین مریض عشق ہون
معالجہ سے کب جائے درد دل

اے مسیحا رحم کر مجھپر ذرا
کچھ دوا دے اب اسے درد دل

جو کہ محرم راز تھے وہ چلدیے
کسکو اپنا اب سنائے درد دل

مین شراب عشق احمد پی چکا
کیون نہ نکلے منہ سے ہائے درد دل

اک زمانہ ہو چکا اے سب بے خبر
کب سے ملک شاہد سنائے درد دل

مرا درد دل ہے سنانیکے قابل
سچتے کی ہین باتین تلانیکے قابل

محبت سہی تیری کیا جوش دل نے
کہ چھپتا نہین اب چھپانیکے قابل

مرے دل مین گھر جو بنایا خدا نے
تو دیر و حرم ہی بھلانیکے قابل

تری تیغ ابرو نے گھائل کیا ہی
ہو مرہم بھلا کیا لگانیکے قابل

کرو جلوہ مجھ پر بھلا اے مسیحا
ہی مردہ تمہارا جلانیکے قابل

سُنا وصف شاہد نے جب سے تمہارا
لگا دل ہے تم سے لگانے کے قابل

ردیف م

درین انسان جمال یار دیدم
بہر سو جلوہ دلدار دیدم

ردیف ل

از سوزِ دل دارم فغان بادردِ ہجران دربغل — اندر دل دردِ نہان باچشمِ گریان در بغل
من چہ گویم از کسے دردِ دل رازِ نہان — انچہ برمن میگذشت بادردِ نہان دربغل
ای شافعِ روزِ جزا دارم امیدے بر عفو — از جرم و عصیان منفعل سربدامان دربغل
ہرکہ نوشد جام وحدت آنکہ بیند نورِ حق — چون از درِ میخانہ گیرند جام مستان دربغل

من از مصوریافتم از بہرِ تسکین شاہدا
دارم چو مصحف نزدِ خود تصویرِ جانان دربغل

پہلو سے میرے کسلیے باہر نہ جائے دل — جویا ہی جسکا پاس جو اوسکو نہ پائے دل
دیوانگی کی اوسکو سزا کس طرح نہو — اُلجھا ہماری زلف سے وحشت جائے دل
مطلوب خود ہی کسکو کہان ڈھونڈتے پھرین — خلوت نشین نہین ہی کوئی ماسوائے دل
جسکی ہی آرزو وہ اسی مین ہی جلوہ گر — اظہار جاکے کس سے کرین مدعائے دل
ایک دل ہی سارے بت ہین محلِ ظہور ہی — رکھدیتے ورنہ سنگ اُٹھا کر بجائے دل
سب اہلِ قال حال سے ہوجائین مطلع — دامن کی دھجیان جو ہیانپر اُڑائے دل
خطرہ دوئی کا اپنی کہان سے بتائیے — ایزد نما ہے آئینہ خود نمائے دل
یہ انتہائے عشق ہی خود ہی نہین رہے — پہلی جو سر گذشت تھی کبتک سنائے دل
جوکچھ ہی دل ہی اور سوا اسکے کیا کہون — باہر ہی گفتگو سے یہان ماجرائے دل
شاہی ملی جو ہمنے خودی کو جلا دیا — اس جا پہ دودِ آہ ہی بالِ ہمائے دل

بن جائے عینِ شاہد مقصود آپہی
میری طرح جو عشق مین اپنا مٹائے دل

محروم کرنہ مجھکو دیدار سے تو اپنے
رکھے حجاب ہم سے صاحب غیوکب تک

پائی سزا تو ہمنے بس عشق مین تمھارے
محفل سے اپنی مجکو رکھوگے دور کب تک

شاہد نہ کر بھروسا عالم مین تو کسی کا
بس ہے مراد رکھے میر اغفور کب تک

ہون ازل سے مبتلائے غوث پاک
اک زمانہ ہی فدائے غوث پاک

ہین چمکتے لب وہ ہین کیجیو تو غور
جب زبان پر نام لائے غوث پاک

کب ضیائے چشم سرمہ طور سے
گر ہو سرمہ خاک پائے غوث پاک

کیون نہووے چرخ پر عیسیٰ کو رشک
جب ملک کرتے ثنائے غوث پاک

دو جہان مین کیا ہی اوسکے بھاگ مین
جام وحدت جب پلائے غوث پاک

وہ حبیب مصطفیٰ اور ہی خدا
جو فدا ہو اولیائے غوث پاک

بھول جائے حسن یوسف شاہدا
گر جمال اپنا دکھائے غوث پاک

ردیف گ

دیکھو فلک پہ کس طرح شمس و قمر الگ الگ
روز او رشب جدا جدا شام و سحر الگ الگ

گلشن مین جاکے دیکھ تو ہر ایک گل کی رنگ و بو
ہر برگ و شاخ سبزوار ثمر و شجر الگ الگ

انسان کی شکل دیکھ تو ہر ایک کی طرز و گفتگو
قدرت خدا کی سربسر جسمین نگر الگ الگ

کعبہ مین جاتے حق پرست دیر مین جاتے بت پرست
شرک و کفر جدا جدا اور خیر و شر الگ الگ

شاہد خستہ نیم جان عشق مین تیرے بیگمان
چشم و ادا جدا جدا جادو نظر الگ الگ

جبکہ ہو حشر مین مرا انصاف
ہون گنا ہون سے اپنے شرمندہ
کر دے جلد ہی گناہ عفو مرے
تو غفور الرحیم و قادر ہے
حشر جسدن کو تیرا بر پا ہو

کیجیو خیر مین مرا انصاف
بس نہو حشر مین مرا انصاف
بس نہو دیر مین مرا انصاف
بسکہ ہو خیر مین مرا انصاف
نہ ہو اندھیر مین مرا انصاف

دل مین شاہد کے یہ تمنا ہے
نہ ہو بس دیر مین مرا انصاف

ردیف ق

آدم کے جود ر آیا اندر وجود حق
سجدے مین گر پڑے تھے آدم کو سب ملک
کر دے وجود اپنا مرشد مین تو فنا
چشم یقین سے دیکھلے خانہ خدا کو تو جب

موجود ھینے پایا اندر وجود حق
دیکھا کہ ہے سمایا اندر وجود حق
بیشک ظہور پایا اندر وجود حق
خود خاص گھر بنایا اندر وجود حق

شاہد دلیل کیا ہے اسکی بیان کر تو
وہ نفحہ جو آیا اندر وجود حق

ردیف ک

اے ماہ رخ یہ تیرے قائم یہ نور کب تک
پی کر شراب وحدت ہوتے ہین مست دائم
مشتاق دید تیرے مدت سے ہو رہے ہین
تجھ بن نہین ہی مجکو دن رات چین ملتی

دیکھین تو ناز پر تو کرتا غرور کب تک
یہ ہے شراب دنیا رہتا سرور کب تک
دیکھین تو جلوہ مجھ پر کرتا ظہور کب تک
فرقت مین مین تمھاری رہتا ہون دور کب تک

اُس چمن مین جو کہ ہین کلیان کھلین ۔ اوسکی بو سے بس گیا میرا دماغ
رنگ گل پر جو کہ ہی بُلبل فدا ۔ قدر کیا خوشبو کی ہو وے پیش زاغ

ماہ رو کا کیا نشان شاہد کہے
دل مین اپنے جو کہ ہے پایا سُراغ

ردیف ف

افسردہ جان و دل حزین آشفتہ حالان ایکطرف ۔ چون موج ہی لف عنبرین یا حسن خوبان ایکطرف
کیا تفرقہ دیکھو میان عالم مین کیسا ہی پڑا ۔ تبخانہ ہندوا ایکطرف کعبہ مسلمان ایکطرف
کیا عشق مین دل پر اثر ہونا تھا تیرا سخن ۔ عاشق زلیخا ایکطرف وہ ماہ کنعان ایکطرف
ہین جستجو ہی مین پڑے سب راہ مین تیری صنم ۔ قاضی و ملا ایکطرف صوفی و زندان ایکطرف
دن تو جدا ہی رات سے دن سے نہین ملتی ہی شب ۔ ہی ماہ انور ایکطرف خورشید تابان ایکطرف
پر اشک سے بڑھکر نہین ہو گرچہ وہ خون شہید ۔ ہی ابر باران ایکطرف چون چشم گریان ایکطرف

تو شربت دیدار سے شاہد کو اب سیراب کر
ہے آب حیوان ایکطرف چاہ زنخدان ایکطرف

کرلے پہلے تو اپنے دل کو صاف ۔ پھر تو دیکھے گا ماہ رو کو صاف
زنگ ہی جب کہ آئینے مین لگا ۔ دیکھ پاتا نہین وہ رو کو صاف
بغض و کینے کو کر دے دل سے دور ۔ نور ربی تو دیکھ ہر سو صاف
جو کہ حاسد ہین نور سے محروم ۔ نہین کرتے وہ اپنے دلکو صاف

صاف دل ہو بذکر حق شاہد
دل کے آئینہ مین دیکھ پھر اوسکو صاف

یا نبی مجکو نہو سکرات موت
آبرو رکھ لیجیو وقتِ نزع

مکر شیطان سے رہون محفوظ مین
آشنا احسان کیجیو وقتِ نزع

تم سوا کس سے کرون فریاد مین
مجکو تم مت بھولیو وقتِ نزع

ہو جہان مین بیکسون کے دستگیر
دستگیری کیجیو وقتِ نزع

آرزو شاہد کی ہے تم سے یہی
جلوہ خود دکھلائیو وقت نزع

ردیف غ

خال و خط سے ہین ماہ رو پر داغ
ہجر سے عاشقون کے دل پر داغ

ہے یہ لیل و نہار ابلق رنگ
مہر و ماہ سے ہوے فلک پر داغ

آتش عشق سے ہے جلتا دل
جا بجا پڑ گئے بدن پہ بہا داغ

رخ گلشن پہ جب خزان آئی
ہو عنادل کے دل پہ مضطر داغ

شمع محفل مین جبکہ ہو خاموش
کیون نہ پروانے کے ہو دل پہ داغ

درد ہجرِ غم پیمبر سے
سنگ اسود کے ہے جگر پر داغ

پہنا کعبہ نے ہی لباس سیاہ
ہجر نبوی سے ہی یہ اوس پر داغ

ہی یہ تاثیرِ عشق میرے کی
آہِ غم سے ہوے فلک پر داغ

شاہد اب ہند مین تڑپتا ہے
ہجر یثرب سے ہے یہ دل پر داغ

شہ نصیرِ خواجۂ روشن چراغ
شہر دہلی جن سے ہی بس باغ باغ

جسنے باغ چشت کی ہی سیر کی
اوسکو بھاوے کب بھلا جنت کا باغ

ردیف ط

حق نے نبی کو بھیجا اپنا نگار خط
جبریل لے کے آئے کیا پُر بہار خط

خلق خدا مین دعوت اسلام کی ہوئی
حکم نبی سے پہونچا شہر و دیار خط

اسلام و دین تمام اکملت جب سُنا
حضرت کے بعد رُکن خلافت کو چار خط

ہے آیۂ لولاک تری شان مین اوتری
افضل سبھی پہ جائے مدینہ بہار خط

شاہد کی آرزو یہی خالق سے ہے صدا
یثرب مین جاکے آپ کا دیکھون بہار خط

ردیف ظ

یا محمد مجھے رکھو محفوظ
آفتون سے مجھے رکھو محفوظ

بحر غم مین پڑی مری کشتی
اس بھنور سے مجھے رکھو محفوظ

فوج غم نے مجھے تو ہے گھیرا
اس بلا سے مجھے رکھو محفوظ

نار دوزخ سے تم بچا دیجیو
